سوال

(31) نمازجنازہ مسجد کے صحن میں پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نمازجنازہ مسجد کے صحن میں پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نمازجنازہ مسجد میں جائز ہے۔ آپ ﷺ نے خود پڑھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جنازہ مسجد میں پڑھا گیا۔ واللہ اعلم (6 صفر 38 ہجری)

تشریح

ازروئے حدیث کے مسجد میں نمازجنازہ پڑھنا جائز ودرست ہے۔ منتقی الاخبار میں ہے۔

عن عائشة انها قالت لما توفی سعد بن ابن وقاص ادخلوا به المسجد حتی اصلی علیه فانکروا ذلک علیها فقالت لقد رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ابنی بیضاء فی المسجد سهیل واخیه رواه مسلم وفی روایة ما صلی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم علی سهیل بن البیضاء الافی جوف المسجد رواه الجماعة الا البخاري

اس حدیث سے رسول اللہ ﷺ کا مسجد میں نمازجنازہ پڑھنا ثابت ہے۔ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جنازے کی نماز مسجد میں پڑھی گئی تھی۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مسجد میں نمازجنازہ کے درست اور جائز ہونے پر صحابہ رضوان اللہ عنہم اجمعین کا اجماع اتفاق تھا۔ فتح الباری میں ہے۔

وقدري ابن ابی شیبة وغیره ان عمر صلی علی ابن بکر فی المسجد ان صهیبا صلی علی عمر فی المسجد وفی روایة ووضعت الجنازه فی المسجد تجاه المنبر وهذا یقضی الاجماع علی جواز ذلک الخ

(حررہ محمد یوسف عفی عنہ۔ سید نزیر حسین۔ فتاویٰ نزیریہ ج 1 ص 403)

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص47

محدث فتویٰ